# نوٹس برائے سالانہ عمومی میٹنگ

بذریعہ نوٹس تمام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دیوان شوگر ملز لمیٹڈ کی 38 ویں سالانہ عمومی میٹنگ کا انعقاد بروز پیر مورخہ 27 جنوری 2020ء 11:00 بجے صبح دیوان سیمنٹ لمیٹڈ کی فیکٹری سائٹ دیہ ڈھندو دھابیجی ضلع ملیر میں ہوگا جس میں بعد از تلاوتِ قرآن پاک اور دیگر مذہبی ادائیگیوں کے بعد مندرجہ ذیل معاملات زیر بحث لائے جائیں گے۔

## عمومی کاروبار:

۱۔ مورخہ 28 جنوری بروز پیر 2019ء کو ہونے والی کمپنی کی غیر معمولی عام میٹنگ کے منٹس کو حتمی کیا جائے۔

۲۔ کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن 159 کی دفعات کے مطابق کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں سے سات ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) جناب ہارون اقبال

(۲) جناب محمد باقر جعفری

(۳) سید محمد انوار

(۴) جناب غضنفر بابر صدیقی

(۵) جناب محمد نعیم الدین ملک

(۶) سید مقبول علی

(۷) جناب عزیز الحق

۳۔ جانچ پڑتال کے بعد کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے اختتام سال 30 ستمبر 2019ء، بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی منظوری دی جائے۔

۴۔ آئندہ سال کے لئے آڈیٹرز کی تعیناتی کی جائے اور اُن کا معاوضہ طے کیا جائے۔

۵۔ چیئرمین سے اجازت کے بعد دیگر کاروبار پر نظر ثانی۔

بحکم بورڈ

محمد حنیف جرمن
کمپنی سیکریٹری

کراچی
مورخہ 27 دسمبر 2019ء

## نوٹس:

۱۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر کے کھاتے 20 جنوری 2020ء سے 27 جنوری 2020ء تک بند رہیں گے۔ (بشمول دونوں دن)

۲۔ ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے کی تبدیلی کو فوراً کمپنی کے علم میں لائیں اور اس کی اطلاع ہمارے شیئر رجسٹرار ٹرانسفر ایجنٹ بی ایم ایف کنسلٹنٹس پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ، انعم اسٹیٹ روم نمبر 310، 311، تیسری منزل، دارالامان سوسائٹی، شاہراہ فیصل نزد بلوچ کالونی پُل پر دیں۔

۳۔ کمپنی کا ممبر میٹنگ میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کا اختیار کسی دوسرے کو بطور پراکسی دے سکتا ہے۔ مکمل پُر کیے ہوئے پراکسی فارم مورخہ میٹنگ کے شروع ہونے سے 48 گھنٹے پہلے تک کمپنی کو موصول ہوجانے چاہیں۔

۴۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے۔ سرکلر نمبر 01، مورخہ 20 جنوری 2000ء کے مطابق۔